Urdu/Ourdou

Education Quality and
Accountability Office

EQAO

الیمنٹری اسکول میں EQAO جائزوں کے لیے ہدایت نامہ

عبارت خوانی، تحریر اور حساب کے جائزے

پرائمری ڈویژن (Primary Division) (گریڈز 1–3)

جونیئر ڈویژن (Junior Division) (گریڈز 4–6)

اونٹاریو کے طلباء اپنی عبارت خوانی، تحریر اور حساب کی مہارتوں کے صوبہ بھر کے جائزے اپنی تعلیم کے کلیدی مراحل میں لکھتے ہیں:

گریڈ 3
عبارت خوانی، تحریر اور حساب کا جائزہ لیا گیا پرائمری ڈویژن کے اختتام پر

گریڈ 6
عبارت خوانی، تحریر اور حساب کا جائزہ جونیئر ڈویژن کے اختتام پر لیا گیا

گریڈ 9
حساب کا جائزہ سیکنڈری اسکول کے پہلے سال میں لیا گیا

گریڈ 10
خواندگی کا بطور گریجویشن شرط جائزہ لیا گیا

جائزوں کی نگرانی ایجوکیشن کوالٹی اور اکاؤنٹیبلٹی آفس [Education Quality and Accountability Office (EQAO)] جو وزارت تعلیم کی ایک خود مختار ایجنسی ہے کے ذریعہ کی جاتی ہے۔

اس پرچے سے آپ کو دو EQAO جائزوں کو سمجھنے میں مدد ملے گی جنہیں اونٹاریو کے طلباء الیمنٹری اسکول میں لکھتے ہیں اور اس میں کہ نتائج کا استعمال پڑھائی کی جانچ اور مدد کرنے کے لیے کیسے کیا جا سکتا ہے۔



EQAO جائزے میں کیا ہے؟

- پرائمری ڈویژن اسسمینٹ عبارت خوانی، تحریر اور حساب کی مہارتوں کا جائزہ لیتا ہے جن کے بارے میں یہ توقع کی جاتی ہے کہ طلباء انہیں گریڈ 3 کے اختتام تک سیکھ چکے ہوں گے۔
- جونیئر ڈویژن اسسمینٹ عبارت خوانی، تحریر اور حساب کی مہارتوں کا جائزہ لیتا ہے جن کے بارے میں یہ توقع کی جاتی ہے کہ طلباء انہیں گریڈ 6 کے اختتام تک سیکھ چکے ہوں گے۔
- اسسمینٹس اس کی جانچ کرتے ہیں کہ آیا طلباء
  - سمجھ سکتے ہیں جو وہ مختلف طرح کے متون میں پڑھتے ہیں؛
  - مناسب قواعد، تلفظ اور رموز اوقاف کا استعمال کرتے ہوئے تحریری طور پر اپنے خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں اور
  - مسائل کو حل کرنے کے لیے حساب کی مناسب مہارتوں کا استعمال کر سکتے ہیں۔
- ہر اسسمینٹ میں چار زبان کے اور دو حساب کے سیکشن (باب) ہیں۔
- ہر EQAO اسسمینٹ کا ہر سوال *اونٹاریو نصاب تعلیم* *(The Ontario Curriculum)* میں بیان کردہ پڑھائی کی توقعات پر مبنی ہوتا ہے جو وہی چیز ہے جسے طلباء ہر دن درجے میں پڑھتے ہیں۔

کیا تمام طلباء کو EQAO جائزے لینا پڑتا ہے؟

صوبائی جائزے اونٹاریو کے تعلیمی پروگرام کا حصہ ہیں۔ تمام وہ طلباء جو سرکاری امداد یافتہ اسکولوں میں جاتے ہیں اور جو *اونٹاریو نصاب تعلیم* کے مطابق چلتے ہیں انہیں ان کو لکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

مخصوص تعلیم کے ضرورت مند (special education needs) طلباء کو بعض تبدیلیوں (accommodations) کی اجازت ہوتی ہے جو ان کے مستقل درجے کے جائزے کی مشقوں کے موافق ہوتی ہیں۔ انگریزی زبان سیکھنے والوں کے لیے خصوصی انتظامات کی بھی اجازت دی جا سکتی ہیں۔ اگر کوئی طالب علم اسسمینٹ کے کسی حصے میں یا پورے اسسمینٹ میں شرکت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے—یہاں تک کہ تبدیلیوں کے ساتھ— تو پرنسپل اس کو اسکول کے عملہ اور والدین یا سرپرستوں کے مشورے سے مستثنی کر سکتا ہے۔

جائزے کب انجام دیے جاتے ہیں؟

جائزے دو ہفتے کی مدت کے دوران لکھے جاتے ہیں، مثالی طور پر مئی کے اواخر یا جون کے اوائل میں۔ طلباء کو جائزوں کے ہر سیکشن کو پورا کرنے کے لیے ایک گھنٹہ دیا جاتا ہے۔ ہر اسکول اسسمینٹ کے وقت کے دوران اپنے اسسمینٹ کی تاریخوں اور اوقات کا تعین کرتا ہے۔

کیا طلباء کو جائزوں کے لیے مطالعہ کرنا پڑتا ہے؟

نہیں۔ چونکہ EQAO کے جائزے پورے طور پر *اونٹاریو کے نصاب تعلیم* پر مبنی ہیں انہیں خصوصی تیاری کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے۔ طلباء صوبائی جائزوں کے فارمیٹ اور پوچھے جانے والے مختلف سوالات سے مانوس ہونے کے لیے www.eqao.com پر جاری کردہ جائزوں کے مواد کی مثالوں کا استعمال کر سکتے ہیں۔

طلباء کو یہ بات سمجھنی چاہیے کہ اسسمینٹس (جائزے) ان چیزوں کو ظاہر کرنے کا ایک موقع ہیں جو وہ جانتے ہیں۔ ان کے رپورٹ کارڈ کے گریڈز متاثر نہیں ہوں گے چاہے ان کی کارکردگی کیسی بھی ہو۔

EQAO کے نتائج کب اور کیسے جاری کیے جاتے ہیں؟

نتائج اگلے اسکولی سال کے ستمبر میں دستیاب ہوتے ہیں۔ طلباء کو EQAO کا انفرادی طالب علم رپورٹ براہ راست طور پر اپنے اسکول سے ملے گا۔

اسکول اور اسکول بورڈز اپنے طلباء کی بہتری کی منصوبہ بندی کی اطلاع دینے میں مدد کرنے کے لیے ان کی حصولیابی کے بارے میں تفصیلی رپورٹ حاصل کرتے ہیں۔ اسکول اور بورڈ لیول کے مجموعی نتائج عوام کے لیے EQAO کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

EQAO کے نتائج کی اطلاع کیسے دی جاتی ہے؟

ایلیمنٹری اسکول میں EQAO کے جائزے کے نتائج کی اطلاع صوبہ کی حصولیابی کی چار سطحوں کے مطابق دی جاتی ہے۔ یہ وہی سطحیں ہیں جن کا اساتذہ درجے میں اور طالب علم کی حصولیابی کی اطلاع دینے کے لیے رپورٹ کارڈز میں کرتے ہیں۔ صوبائی معیار لیول 3 ہے جو B– تا B+ رینج کی حصولیابی کے مطابق ہے۔ جائزوں میں معیار پر پورے اترنے والے یا اس سے آگے بڑھنے والے (یعنی لیول 3 یا 4 حاصل کرنے والے) طلباء نے زیادہ تر یا تمام عبارت خوانی، تحریر اور حساب کی ان معلومات اور مہارتوں کا مظاہرہ کیا ہے جن کی توقع ان کی تعلیم کے موجودہ مرحلہ میں کی جاتی ہے۔

کیا EQAO کے نتائج طلباء کے گریڈز میں شمار کیے جاتے ہیں؟

ایلیمنٹری اسکول میں صوبائی جائزے کے نتائج طلباء کے گریڈز میں شمار نہیں کیے جاتے ہیں۔ وہ طالب علم کی پڑھائی کی جانچ اور اس بات کا تعین کرنے میں مدد دینے کے لیے رپورٹ کارڈ گریڈز کو زیر غور لانے کے لیے اضافی معلومات فراہم کرتے ہیں کہ کس طرح کے اضافی تعاون کی انہیں ضرورت ہو سکتی ہے۔

EQAO کے جائزے کے نتائج اہم کیوں ہیں؟

EQAO کے جائزے کے نتائج اہم اور اس بات کے معروضی نمائندے ہیں کہ آیا طلباء اپنے اندر مضبوط خواندگی اور حساب کی مہارتیں اپنی تعلیم کے کلیدی مراحل میں پیدا کر رہے ہیں یا نہیں۔ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ وہ طلباء جو ایلیمنٹری اسکول میں EQAO جائزوں میں صوبائی معیار پر پورا نہیں اترتے ہیں وہ ہائی اسکول میں پڑھنے، لکھنے اور حساب کرنے کے قابل نہ ہونے کے زیادہ خطرے پر ہوتے ہیں۔ ماہرین تعلیم اور والدین کو ان انتباہی علامات کی طرف توجہ دینے اور ان طلباء کو مزید تعاون پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ EQAO کے نتائج سے پڑھائی کے ان گوشوں کی شناخت کرنے میں مدد کرکے بہتری کی منصوبہ بندی کی اطلاع مل سکتی ہے جنہیں مزید توجہ کی ضرورت ہو سکتی ہو۔

EQAO کے نتائج اس لیے بھی اہم ہیں کیونکہ وہی صرف حصولیابی کے عوامی طور پر دستیاب ثبوت ہیں جو صوبہ بھر کے تمام طلباء کے لیے قابل موازنہ ہے۔

EQAO کے نتائج کو کیسے استعمال کیا جانا چاہیے؟

طلباء کی پڑھائی کا اندازہ لگانے اور اس بات کا تعین کرنے کے لیے طلباء کے روز مرہ کے درجے کے کام اور دیگر جائزے کی معلومات کے ساتھ ساتھ EQAO جائزے کے نتائج پر نظر ثانی کی جانی چاہیے کہ کہاں زیادہ تعاون کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ ان طلباء کے لیے جو صوبائی معیار پر پورے نہیں اترتے ہیں خاص طور پر اساتذہ اور والدین کے لیے اس تعلق سے گفتگو کرنا ضروری ہے کہ پڑھائی کے خلا کو پورا کرنے اور طالب علم کی حصولیابی کو بہتر بنانے کے لیے ساتھ مل کر کیسے کام کیا جائے۔

اونٹاریو صوبہ بھر میں جائزے کیوں انجام دیتا ہے؟

اونٹاریو تمام طلباء کے کامیاب ہونے اور سرکاری نظام تعلیم کی جواب دہی کو

- مستحکم کرنے میں تعاون پیش کرنے کے لیے تعلیمی پروگرامز اور حکمت عملیوں کی بہتری کی اطلاع دینے
- عوامی نظام تعلیم کی درستگی کے استحکام میں۔

مزید معلومات کے لیے www.eqao.com دیکھیں۔

Education Quality and Accountability Office

EQAO

Education Quality and Accountability Office
2 Carlton Street, Suite 1200, Toronto ON M5B 2M9
www.eqao.com I 1-888-327-7377

Queen’s Printer for Ontario 2014 ©